نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔ سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

محکمہ زراعت پنجاب نے ماہ فروری کے پہلے پندھرواڑے میں گندم کی فصل کی بہتر نگہداشت کیلئے سفارشات جاری کر دیں

لاہور02: فروری2026: ترجمان محکمہ زراعت پنجاب کے مطابق دھان، کماد، مکئی اور کپاس کے بعد کاشتہ گندم کی فصل کو دوسرا پانی 80 تا90 دن بعد لگائیں۔ اس وقت فصل کا سٹّہ بن رہا ہوتا ہے اور باہر نکلنے کے مراحل میں ہوتا ہے اس لئے اگر اس مرحلے پر پانی نہ دیا جائے تو سٹّہ چھوٹارہ جاتا ہے اور اس میں دانوں کی مقدار کم رہ جاتی ہے جس سے پیداوار میں کمی واقع ہو سکتی ہے۔ گندم کی پچھیتی کاشت کے لئے دوسرا پانی 70 تا 80 دن بعد گوبھ کے وقت لگائیں۔ کاشتکار گندم کی فصل کو پانی لگاتے وقت محکمہ موسمیات کی پیشن گوئی کو مدِ نظر رکھیں۔ کاشتکار فصل کی حالت اور موسم کی صورتحال کے پیشِ نظر آبپاشی کے شیڈول میں تبدیلی کر سکتے ہیں۔ ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے مزید کہا کہ اگر پہلی آبپاشی میں تاخیر ہوگئی تو جلد از جلد آبپاشی کریں۔ آبپاش علاقوں میں نائٹروجنی کھاد کا استعمال پہلے اور دوسرے پانی کے ساتھ مکمل کر لیں تاہم ریتلے علاقوں میں چھوٹی اقساط میں ڈالیں۔

☆☆☆☆